© rasailojaraid.com

سید سلمان گیلانی

# امیر المومنین فی الحدیث امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ

جامعہ انوار القرآن آدم ٹاؤن نارتھ کراچی میں بخاری شریف کے اختتام کی سالانہ تقریب ۲۵ دسمبر ۹۳ء کو منعقد ہوئی۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا۔ ان کے علاوہ مولانا محمد اجمل خان، مولانا فضل الرحمٰن، مولانا زاہد الراشدی، مولانا فداء الرحمٰن درخواستی، مولانا اکرام الحق خیری اور دیگر علمائے کرام نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور اس موقع پر شاعر اسلام سید سلمان گیلانی نے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کے حضور مندرجہ ذیل منظوم نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

امت پہ ترا کتنا ہے احسان، بخاریؒ
یکجا کیے سرکارؐ کے فرمان، بخاریؒ

قرآن کی تفسیر حقیقی ہیں احادیث
گویا ہیں احادیث بھی قرآن، بخاریؒ

مسلمؒ ہو کہ ہو ترمذیؒ، داؤدؒ کہ ماجہؒ
ممتاز ہے ان سب میں تیری شان، بخاریؒ

ہر قول نبیؐ کان جواہر کا ہے مظہر
ہر حرف ترا، لولو و مرجان، بخاریؒ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اللہ رے احادیث نبیؐ سے تری الفت
کی زیست اسی راہ میں قربان، بخاریؒ

موضوع ہے کیا، کیا ہے ضعیف اور حسن کیا
کر لیتا تھا اک آن میں پہچان بخاریؒ

پڑھتے ہوئے کیوں لطف نہ عشاق اٹھائیں
محبوب دو عالم کا ہے فرمان بخاری

تجھ سے بڑا دنیا میں محدث نہیں کوئی
سب متفق اس پہ ہیں مسلمان بخاری

دنیا میں ہزاروں ہی مدارس ہیں کہ جن میں
صدیوں سے ہے جاری تیرا فیضان، بخاریؒ

اس بات سے آگاہ ہیں سب غیر مقلد
سمجھے ہیں فقط پیر و نعمانؒ بخاری

احناف نے کی دہر میں تعلیم نبیؐ عام
احناف کا ہے دہر پہ احسان، بخاریؒ

درخواستی کا عشق بخاری ذرا دیکھو
پیری میں بھی ہونٹوں پہ ہے ہر آن بخاری

اللہ شفا دے انھیں جلدی، کہو آمین
اگر وہ پڑھائیں ہمیں، سلمان، "بخاریؒ"

© rasailojaraid.com